بورڈ آف ڈائریکٹرز کی رپورٹ

کمپنی کے ڈائریکٹرز کیلئے 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے رپورٹ مع پڑتال شدہ مالی گوشوارے پیش کرنا باعث مسرت ہے۔

کمپنی کی بنیادی سرگرمیاں اور کاروباری کارکردگی

کمپنی کا بنیادی کاروبار تعمیراتی سامان کی تیاری اور فروخت ہے جس میں بنیادی طور پر پائپنگ سسٹم اور کرائیسوٹائل فائبر سیمنٹ، ربڑ اور پلاسٹک سے تیار کردہ متعلقہ مصنوعات، درآمدشدہ پائپ فٹنگز، لوازمات اور دیگر لوازمات اور دیگر عمارتی مصنوعات کی فروخت شامل ہے۔

کاروباری ماحول

عالمی معیشت مستحکم ترقی کے ساتھ شاندار لچک کا مظاہرہ کررہی ہے جس کی بنیادی وجہ افراط زر میں بتدریج کمی ہے۔ عالمی معیشت کو کورونا، روس اور یوکرین کے مابین جنگ کے باعث توانائی اور خوراک کے بحران اور افراط زر میں نمایاں اضافہ کے تناظر میں فوڈ چین سپلائی میں تعطل سمیت نمایاں واقعات کا بھی سامنا رہا۔ قرضوں کی بہت زیادہ شرح اور محدود مالی سہولیات ان عالمی مسائل سے نمٹنے اور پائیدار اور جامع معاشی ترقی کیلئے مربوط اور جامع اقدامات اور کوششوں کو اجاگر کرتی ہے۔ ترقی کے محرک کے طور پر عالمی تجارت کی رفتار بطور کم ہورہی ہے جس کا ثبوت 2023 میں عالمی تجارتی نمو کی سست رفتاری سے ملتا ہے جو کہ 0.3 فیصد تک محدود رہی۔ تاہم توقع کی جارہی ہے کہ 2024 میں بحالی ہوگی اور تجارتی نمو 3.0 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ جغرافیائی سیاسی تناؤ عالمی اقتصادی منظرنامے کے لیے سب سے بڑا خطرہ بن کر ابھرا ہے۔

میکرو اکنامک استحکام کی بحالی ایک ایسے پلیٹ فارم کی تشکیل کیلئے ضروری ہے جو ترقی کا محرک بنے، جس سے ملازمتیں پیدا ہوں اور لوگوں کی مجموعی زندگی میں بہتری آئے۔ حالیہ سال بہت زیادہ چیلنجز کا شکار رہا جو مالی سال 2022 سے جاری ہے۔ پاکستان کو بھی بہت سارے عالمی اثرات سے گزرنا پڑا جس میں روس اور یوکرائن جنگ کے باعث سپلائی چین میں تعطل، افراط زر کا بڑھتا ہوا دباؤ جو سخت مالی اقدامات کا باعث بنا اور مشرق وسطی میں علاقائی تناؤ کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں شامل ہے۔

گزشتہ سال یعنی مالی سال 2024-2023 کے دوران حکومت کو چار اہم چیلنجز سے نمٹنا تھا جس نے پاکستان کی سماجی معاشی ترقی کو خطرے سے دوچار کیا۔ ان چیلنجز میں پائیدار میکرو اکنامک استحکام کا حصول، غربت کا خاتمہ، مالیاتی استحکام اور بیرونی حسابات کے خطرات سے نبرد آزما ہونا شامل ہے۔

پاکستان کے تعمیراتی شعبہ کی کارکردگی

پاکستان کی تعمیراتی انڈسٹری کو 2023 میں حقیقی معنوں میں نمو میں 5.2 فیصد کمی کا مشاہدہ رہا جس کی وجہ کمزور معیشت، ملک میں سیاسی اور مالی حالات کی وجہ سے پیدا ہونیوالے مشکل صورتحال ہے۔

پاکستان میں افراط زر کی بلند شرح اور توانائی اور تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں اضافہ سے رواں سال تعمیراتی سرگرمیوں پر دباؤ پڑنے کی توقع ہے۔ ٹرانسپورٹ، پاور، ہاؤسنگ، ٹیلی کمیونیکیشن اور انڈسٹری انفراسٹرکچر کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کی وجہ سے پاکستانی تعمیراتی انڈسٹری کی سالانہ اوسط نمو 5.5 فیصد رہنے کا امکان ہے

کمرشل تعمیرات اور رہائشی تعمیرات نے صنعتی تعمیرات، انفراسٹرکچر تعمیرات، توانائی اور یوٹیلیٹیز کی تعمیرات اور ادارہ جاتی تعمیرات کے مقابلے میں نمایاں حصہ ڈالا۔

کمرشل تعمیراتی شعبہ کی نمو افراط زر کی بلند شرح اور بڑھتے ہوئے اخراجات زندگی کے باعث 2024-2023 میں حقیقی معنوں میں سکڑاؤ کا شکار ہوئی۔ دوسری طرف رہائشی تعمیراتی شعبہ کو بھی رواں مالی سال کے دوران حقیقی معنوں میں نمو میں کمی کا سامنا رہا جس کی وجہ افراط زر کی بلند شرح اور جائیداد کی زیادہ قیمتوں اور شرح سود کی بلند شرح کے نتیجہ میں سرمایہ کاروں اور کنزیومر کے اعتماد میں کمی ہے۔

آپریشنز

زیر جائزہ سال کے دوران دو فیکٹریوں میں مجموعی پیداواری صلاحیت بری طرح متاثر ہوئی۔ سال کے دوران سی سی شیٹس کے معیار اور اس کی وضع قطع کو بہتر بنانے کیلئے حیدرآباد فیکٹری میں 37.636 ملین روپے کی سرمایہ کاری کی گئی۔ کراچی فیکٹری کو بند کر کے حیدرآباد اور سندر کی فیکٹریوں پر مستقبل میں توجہ مرکوز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

تعمیل کا اعلامیہ

کمپنی سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے لاگو کارپوریٹ گورننس کے اصولوں پر سختی سے عمل کرتی ہے۔ کمپنی نے تمام متعلقہ شرائط کو نافذ کیا ہے جس کا خلاصہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ساتھ تعمیل کے اعلامیہ میں بیان کیا گیا ہے۔ آڈیٹرز کی طرف سے ان شرائط کا مکمل جائزہ لیا گیا۔

انٹرنل کنٹرولز اور رسک مینجمنٹ

کمپنی کے پاس موثر انٹرنل کنٹرول سسٹم موجود ہے جو کارکردگی، موثر آپریشنز، قابل اعتبار مالی گوشواروں، مروجہ قوانین اور ضابطوں کی تعمیل کے حوالے سے مناسب نگرانی کرتا ہے۔ اس طرح کے سسٹم کی مینجمنٹ کی طرف سے موثر نگرانی کی جاتی ہے جبکہ بورڈ کی آڈٹ کمیٹیاں خطرات کے جائزے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی بنیاد پر انٹرنل کنٹرول سسٹم کا جائزہ لیتی ہیں۔

کمپنی کو درپیش خطرات اور کمی کے اقدامات

کمپنی کو مندرجہ ذیل عمومی خطرات لاحق ہیں اور ہر خطرے سے نمٹنے کیلئے کمپنی نے موجودہ خطرات کو کم کرنے کیلئے مناسب اقدامات اٹھائے ہیں۔

(1) تجارتی خطرہ

کمپنی کو روفنگ کی درآمد میں اضافہ کے خطرے کے سامنا ہے۔ اس خطرے کو کم کرنے کیلئے کمپنی حکومتی درآمدی پالیسیوں میں تبدیلی کیلئے لابنگ کر رہی ہے تاکہ مقامی انڈسٹری کو تحفظ حاصل ہو۔

کمپنی کو خام مال کی قیمتوں میں اضافہ کے خطرے کا بھی سامنا ہے۔ اس خطرے کو کم کرنے کیلئے کمپنی قیمتوں کے رجحان کی مانٹرنگ کر رہی ہے اور خریداری کے

حوالے سے تذویراتی فیصلے لے رہی ہے تاکہ گوند اور دیگر خام مال کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے اثر کو کم کیا جا سکے۔

(2) مالی خطرہ

کمپنی مالیاتی اداروں سے قرضوں کے حصول کے ذریعے مالی خطرے کا شکار ہو سکتی ہے اس لئے اس خطرے کو کم کرنے کیلئے کمپنی لاہور کی زمین اور کراچی فیکٹری کو فروخت کر کے بینکوں سے قرضوں کے حصول کو کم کرے گی۔

(3) ضوابط کی تعمیل سے متعلق خطرات

کمپنی کو ادراک ہے کہ قوانین وضوابط کی عدم تعمیل کا نتیجہ جرمانے کے اطلاق، نااہلی، بلیک لسٹنگ، لائسنس کی منسوخی وغیرہ کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ اس لئے کمپنی عدم تعمیل کی سرگرمیوں اور رویوں کیلئے زیرو برداشت کی پالیسی رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ ایسے خطرات کو کم کرنے کیلئے کمپنی میں ایک انتہائی جامع اور موثر نظام تعمیل موجود ہے۔

ڈیویڈنڈ اور مختص کردہ رقوم

کمپنی نے زیر جائزہ مدت کیلئے صفر روپے فی حصص یعنی صفر فیصد حصص حتمی نقد منافع منقسمہ کا اعلان کیا ہے۔

مختص کرنے کیلئے دستیاب منافع جات/(خسارہ) کا خلاصہ درج ذیل ہے:

	(روپے'000' میں)
بمطابق یکم جولائی، 2023 مجموعی خسارہ	(776,884) روپے
متعلقہ اثاثہ جات پر چارج کئے گئے تدریجی فرسودگی کی مد میں فکسڈ اثاثوں کی از سر نو تعین شدہ ملایت میں اضافہ	16,093 روپے
30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے بعد از ٹیکس خسارہ	(305,403) روپے
30 جون، 2024 کو جمع شدہ خسارہ	**(1,108,194) روپے**

بمطابق 30 جون، 2024 فی حصص بریک اپ ویلیو 47.56 روپے ہے (30 جون، 2023 فی حصص بریک اپ ویلیو 80.11 روپے)

بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اس کی کمیٹیاں

30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کے پانچ اجلاس منعقد ہوئے۔ بورڈ تجربہ کار اور ماہر اراکین پر مشتمل ہے۔

30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے دوران بورڈ آڈٹ کمیٹی کے چار اور انسانی وسائل اور مشاہیر کمیٹی کے ایک اجلاس ہوا۔ بورڈ کی کمیٹیوں نے بورڈ کی کارگزاری میں زبردست معاونت فراہم کی۔

سید شاہد علی بخاری، آزاد ڈائریکٹر بورڈ آڈٹ کمیٹی کے چیئرمین ہیں اور مسز عائشہ طارق اللہ والا، آزاد ڈائریکٹر، انسانی وسائل اور مشاہیر کمیٹی کی چیئرپرسن ہیں جیسا کہ کوڈ آف کارپوریٹ گورننس، ریگولیشنز 2019 کا تقاضا ہے۔

سال کے دوران اجلاسوں کی حاضری

بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اس کی آڈٹ کمیٹی، انسانی وسائل اور مشاہیر کمیٹیوں کے اجلاسوں کی تعداد مع ان میں حاضری درج ذیل ہے۔

ڈائریکٹر کا نام	حیثیت	بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس		بورڈ آڈٹ کمیٹی کا اجلاس		انسانی وسائل اور مشاہیر کمیٹی کا اجلاس	
		منعقدہ	شرکت	منعقدہ	شرکت	منعقدہ	شرکت
شہزاد ایم حسین	نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	5	5	4	4		
سکندر دادا	چیف ایگزیکٹو آفیسر	5	5				
ابو طالب ایچ کے دادا	نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	5	5			1	1
مقبول ایچ ایچ رحیم تولہ	نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	5	4	4	4	1	1
سید شاہد علی بخاری	آزاد ڈائریکٹر	5	5	4	4		
مسز امبر احمد موتی والا	فیمیل ڈائریکٹر	5	5	4	4		
مسز عائشہ طارق اللہ والا	آزاد ڈائریکٹر	5	5			1	1

بورڈ کی کارکردگی کا تجزیہ اور ڈائریکٹر کا ٹریننگ پروگرام

سال کے دوران کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 22 جون، 2024 کو منعقدہ اپنے اجلاس میں جناب صمد دادا کو یکم اگست 2024 سے تین سال کیلئے جناب سکندر دادا کی جگہ ڈاڈیکس ایٹرنٹ لمیٹڈ کا چیف ایگزیکٹو افیسر مقرر کیا۔ جناب سکندر دادا کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر اپنی خدمات جاری رکھیں گے۔

جبکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)188 کے مطابق جناب صمد دادا کو ڈائریکٹر کے طور پر تصور کیا جائے گا اور انہیں کمپنی کے دفتر کے تمام حقوق، مراعات، اور تمام ذمہ داریوں کے تابع حاصل ہوں گے۔

بورڈ نے جناب سمد دادا کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہوئے ڈاڈیکس کو کمپنی کو مسلسل ترقی اور کامیابی کی طرف لے جانے میں ان کی قیادت کی امید ظاہر کی۔ بورڈ نے جناب سکندر دادا کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کیا، جنہوں نے اپنی مدت کے دوران سی ای او کی حیثیت سے شاندار قیادت کرتے ہوئے نمایاں خدمات انجام دیں۔

مزید برآں ڈاڈیکس ایٹرنٹ کے ڈائریکٹر جناب مقبول ایچ ایچ رحیم تولہ نے 24 ستمبر 2024 سے بورڈ سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ ان کے استعفیٰ کی وجہ سے آسامی پیدا ہوگئی ہے جسے کمپنی متعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق پر کرے گی۔

بورڈ نے کمپنی کو اس کے تذویراتی امور میں موثر انداز میں رہنمائی فراہم کر کے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو پوری تندہی سے ادا کیا ہے۔ بورڈ نے مینجمنٹ کی کارکردگی کی نگرانی اور بڑے خطرہ والے شعبوں پر توجہ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔

بورڈ اسٹیک ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ کیلئے کارپوریٹ گورننس کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے میں پرعزم رہا۔ بورڈ کے فیصلہ سازی کے عمل میں آزاد ڈائریکٹرز سمیت تمام ڈائریکٹرز نے مکمل طور پر حصہ لیا اور اپنی ذمہ داری نبھائی۔

کمپنی کا ایک آزاد انٹرنل آڈٹ شعبہ ہے جو موجودہ طریقہ کاروں میں بہتری کے شعبوں کو اجاگر کرتا ہے۔

بورڈ نے اپنی خود تشخیص کی اور بہترین عالمی طریقوں کے مطابق مزید بہتری لانے کیلئے ممکنہ پہلوؤں کی نشاندہی کی۔ بنیادی توجہ تذویراتی نمو، کاروباری مواقع، رسک مینجمنٹ اور انتظامیہ کو رہنمائی فراہم کرنے پر مرکوز رہی۔

کمپنی نے سکندر دادا، ابوطالب ایچ کے دادا، مقبول ایچ ایچ رحمت اللہ اور شہزادا یم حسین کے لئے سی سی جی کی ریگولیشن 19 کی پیروی میں سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان سے پہلے ہی استثنٰی کیلئے منظوری حاصل کر رکھی ہے۔ سید شاہد علی بخاری ایک سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر ہیں۔ باقی ڈائریکٹرز لسٹڈ کمپنیز کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ریگولیشنز، 2019 کے تحت دیے گئے وقت میں، اگر درکار رہے، ڈائریکٹر کی ٹریننگ میں شرکت کا ارادہ رکھتے ہیں۔

بورڈ کے اراکین متنوع تجربہ کے حامل ہیں اور قابل اور باصلاحیت پروفیشنل ہیں۔ وہ سب پاکستانی قوانین اور کاروباری معمولات سے بخوبی آگاہ ہیں۔ وہ مختلف شعبوں میں معقول تجربہ رکھتے ہیں اور کمپنی میں اپنی مہارت اور علم ساتھ لائے ہیں۔

تمام ڈائریکٹرز ایک لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی حیثیت سے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں سے مکمل آگاہ ہیں۔

صحت، حفاظت، ماحول اور کوالٹی

ڈاڈیکس ایک ذمہ دار ادارہ ہے اور حالات سے آگاہی رکھتے ہوئے آلودگی پر قابو پانے، اپنے ملازمین اور قریبی آبادی کیلئے پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کے معیار کے ذریعے ماحول کے تحفظ کیلئے سرمایہ کاری کے ذریعے مسلسل اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔

کمپنی صحت، حفاظت اور ماحول (ایچ ایس ای) کو بہت زیادہ ترجیح دیتی ہے۔ ایچ ایس ای پروگرام کو لاہور (سندر) اور حیدرآباد فیکٹریوں میں مزید مربوط بنایا گیا ہے۔ ڈاڈیکس نے OHSAS 18001 سے تازہ ترین ISO 45001:2018 میں کامیابی کے ساتھ کوالیفائی کیا ہے۔ ڈاڈیکس نے ISO 9001:2008 سے تازہ ترین ISO 9001:2015 میں کامیابی کے ساتھ کوالیفائی کیا ہے۔ ہم نے یہ سرٹیفکیشنز تصدیق کنندہ ایجنسیوں اور نگران آڈٹس کی طرف سے سخت آڈٹ کے بعد حاصل کی ہیں جن پر سسٹم کو تمام مینوفیکچرنگ سائیٹس میں موثر طریقے سے نافذ کرنے کیلئے عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔

ایچ ایس ای نوعیت کے اعتبار سے فعال مقامی مروجہ قوانین کے تابع اور ILO / WHO & Chrysotile Institute کینیڈا کے رہنما خطوط کے ساتھ مکمل طور پر ہم آہنگ ہے۔

پائدار ماحول اور توانائی کا استعمال

کمپنی ماحول کی حفاظت اور وسائل کو موثر انداز سے استعمال کرنے کیلئے اپنی ذمہ داری اور عزم سے آگاہ ہے۔ہم اپنے عزم پر عمل پیرا ہوتے ہوئے باقی اقدامات کے علاوہ ری سائیکلنگ /ری ورکنگ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ جو ماحولیاتی فوائد کے ساتھ اہم خام مال کی لاگت میں بچت کا بھی ذریعہ بنتا ہے۔

کمپنی اپنے ملازمین کو ترغیب دیتی ہے کہ استعمال میں نہ ہونے والی بتیاں، کمپیوٹر سسٹم، برقی آلات کو بند رکھ کر بجلی بچائیں اور توانائی کی بچت کیلئے تمام برقی آلات کو ٹھیک حالت میں رکھا جائے۔

ڈائریکٹرز کا معاوضہ

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ڈائریکٹرز کے معاوضہ کی منظوری دی ہے۔تاہم کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے تناظر میں اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ کوئی بھی ڈائریکٹرز اپنے معاوضہ کے فیصلہ میں شریک نہیں ہوگا۔کمپنی اپنے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز بشمول آزاد ڈائریکٹرز کو معاوضہ ادانہیں کرے گی۔تاہم نان ایگزیکٹو اور آزاد ڈائریکٹرز کو بورڈ آف ڈائریکٹرز اور بورڈ کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کی فیس ادا کی جاتی ہے۔ڈائریکٹرز اور سی ای او کے مشاہیر کی معلومات کیلئے مالی گوشواروں کا نوٹ 44 ملاحظہ فرمائیں۔

متعلقہ پارٹی کے ساتھ لین دین

کمپنی نے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ تمام لین دین معمول کی قیمت پر انجام دیا سوائے اس کے جن کا اظہار مالی گوشواروں میں کیا گیا۔متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ تمام لین دین آڈٹ کمیٹی کے سامنے پیش کیا گیا اور کمیٹی کی سفارشات پر بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس کی منظوری دی۔

انفارمیشن کمیونیکیشن ٹیکنالوجی

آئی سی ٹی کی مسلسل بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خود کو انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجیز کے متحرک دور کے مطابق ڈھالنے کیلئے ڈاڈیکس کا آئی سی ٹی کا شعبہ اپنے تمام موجودہ سافٹ ویئرز /ہارڈ ویئر کو اپ ڈیٹ کرے گا۔کمپنی مارکیٹ میں زبردست مقابلے میں سبقت کو برقرار رکھنے کیلئے انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجیز کو بطور آلا استعمال کرتی ہے تاکہ کاروبار حل میں بہتری اور داخلی اور خارجہ اسٹیک ہولڈرز کے مابین مسلسل رابطے فراہم کیا جاسکیں۔

آئی سی ٹی ڈیپارٹمنٹ اپنے صارفین کو جدید ترین اور مسلسل آئی ٹی اور ایس اے پی سپورٹ سروسز کرنے کیلئے پرعزم ہے۔کمپنی بہتر کنٹرولز اور موجودہ SAP پراسسز تیار کرنے کے لیے کام کر رہی ہے ،کاروباری اہداف حاصل کرنے کے لیے ایپلی کیشنز/ سافٹ ویئر/ ہارڈ ویئر/ ڈیٹا کمیونیکیشن کو اپ ڈیٹ کر رہی ہے۔

کاروباری مخیر ّ سرگرمیاں اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود

کمپنی نے سال کے دوران اپنے سی ایس آر سرگرمیوں کیلئے صفر روپے خرچ کئے (0.214:2023) ملین روپے

کاروباری اخلاقیات اور انسداد بدعنوانی کے اقدامات

کمپنی اخلاقیات اور کاروباری طریقوں کا ایک جامع ضابطہ رکھتی ہے۔تمام ملازمین کو اپنی نجی مالی سرگرمیوں اور کمپنی کے کاروبار کو چلانے کے مابین مفادات کے تصادم سے گریز کرنا چاہئے۔کمپنی کی طرف سے تمام کاروباری لین دین کو اسی کے مطابق کمپنی کے کھاتوں میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

ہر ملازم ذمہ دار ہوگا کہ وہ دیکھے کہ اس کی ذمہ داری کے شعبے میں قوانین کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہورہی، جس کی مناسب نگرانی سے روک تھام ہوسکتی تھی۔ملازم اگر کوئی مخصوص کام کسی کو سونپے تو وہ بدستور اس کا ذمہ دار ہوگا/ہوگی

کمپنی کا فلسفہ اور پالیسی یہی ہے کہ عمدہ کاروباری اطوار کی پیروی کی جائے جو صارفین کو تحفظ فراہم کرتے ہیں اور انسداد بدعنوانی کے موثر اقدامات کو یقینی بناتے ہیں۔

قومی خزانے اور ملکی معیشت میں حصہ

کمپنی نے انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، ڈیوٹیز، محصولات اور دیگر ٹیکسوں کی مد میں قومی خزانے میں 312 ملین روپے سے زائد جمع کرائے (348:2023 ملین روپے)

انسانی وسائل

ڈاڈیکس ادارہ اور افراد کی ترقی پر یقین رکھتا ہے۔انسانی وسائل ڈاڈیکس کا ایک قیمتی اثاثہ ہے جو کمپنی کی پائیداری اور ترقی میں اہم کردار کرتا ہے۔ہماری کمپنی کام کا محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کرنے کیلئے اپنے انسانی وسائل کا بہت زیادہ خیال کرتی ہے۔ہمارے ایچ آر کا فلسفہ متحرک اور پرعزم ملازمین پر منحصر ہے اور افراد کو ادارے میں راغب کرنے اور انہیں برقرار رکھنے کیلئے ہمیں ان کی ترقی میں سرمایہ کاری کی ضرورت کا ادراک ہے۔

خصوصی افراد کی ملازمت

خصوصی افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور انہیں معاشرے کے کارآمد ارکان کے طور باعزت زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرنے کیلئے کمپنی ایسے افراد کو ملازمت دینے کی پالیسی کی حامل ہے۔

تعمیل کا بیانیہ

کمپنی نے درج ذیل طریقے سے کمپنی پر لاگو ہونے والے قواعد وضوابط کی تعمیل کی

۔کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے تیار کردہ مالیاتی گوشوارے، اس کے امور کار، اس کی سرگرمیوں کے نتائج، کیش فلو، اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کو منصفانہ طور پر پیش کرتے ہیں۔

۔کمپنی کے حساب کتاب کے کھاتے مناسب انداز میں برقرار رکھے گئے ہیں۔

۔مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں اکاؤنٹنگ کی مناسب پالیسیوں کی مسلسل پیروی کی گئی ہے اور شماریاتی تخمینے مناسب اور معقول نظریات پر مبنی ہیں۔

۔ان مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈز (آئی ایف آر ایس)، جہاں تک وہ پاکستان میں قابل اطلاق ہیں پیروی کی گئی ہے اور ان سے کسی بھی انحراف کو مناسب انداز میں ظاہر اور واضح کیا گیا ہے۔

۔بورڈ نے کوالیفائیڈ اور تجربہ کار ہیڈ آف انٹرنل آڈٹ مقرر کر کے جو کمپنی کی پالیسیوں اور طریقہ کار کو بخوبی سمجھتے ہیں، ایک موثر انٹرنل آڈٹ فنکشن قائم کیا ہے۔انٹرنل کنٹرولز کے سسٹم اور اس قسم کے دیگر پروسیجرز کا، جو بخوبی کر رہے ہیں، بورڈ کی آڈٹ کمیٹی کی طرف سے مسلسل جائزہ لیا جاتا ہے۔

۔بورڈ کے پاس ڈائریکٹرز کیلئے باضابطہ معاوضہ کی پالیسی ہے۔اہم خصوصیات میں یہ بھی شامل ہے کہ آزاد ڈائریکٹر سمیت ہر نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر ذیلی کمیٹیوں کے اجلاس سمیت بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاسوں میں شرکت کرنے کے معاوضے کے طور پر ایک مقررہ فیس کے مستحق ہیں۔بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں شرکت کیلئے ڈائریکٹرز کی فیس کے علاوہ بورڈ کا چیئرمین ماہانہ معاوضہ اور دیگر فوائد حاصل کرنے کا حق دار ہوگا جو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظور کیا ہے۔

کمپنی کو 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے بعد از ٹیکس خالص نقصان ہوا جس کی مالیت 350.403 ملین روپے ہے (2023: 420.029 ملین روپے کا نقصان) اور 30 جون، 2024 تک اس کے جمع شدہ نقصانات کی مالیت 1,108.194 ملین روپے تھی (776.884:2023 ملین روپے)۔کمپنی کے موجودہ واجبات مجموعی طور پر 2,259.165 ملین روپے ہیں (2,101.451:2023 ملین روپے) جو موجودہ اثاثوں سے 1,543.078 ملین روپے سے زائد ہیں (1,271.558:2023 ملین روپے)

30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کو خدشات کی بنیاد پر تیار کیا جا رہا ہے، کیونکہ انتظامیہ نے مارکیٹنگ کی نئی حکمت عملیوں کو متعارف کراتے ہوئے اور آپریشنل اخراجات کو کم کر کے منافع میں اضافہ کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جس سے منافع میں بہتری آئے گی اور ورکنگ کیپیٹل کی ضروریات پوری ہوں گی۔

کمپنی نے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کیا جن کی تفصیل مالی گوشواروں کے نوٹ 44 میں بیان کی گئی ہے۔

۔کارپوریٹ گورننس کے بہترین طریقوں سے جیسا کہ پی ایس ایکس کے قابل اطلاق ضابطوں میں تفصیل بیان کی گئی ہے، کوئی مادی انحراف نہیں کیا گیا۔

آپریٹنگ اور مالی اعداد و شمار

گزشتہ چھ سالوں میں محیط کمپنی کے اہم آپریٹنگ اور مالی اعداد و شمار کا خلاصہ اس رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔

ٹیکس اور محصولات کا اکاؤنٹس کے نوٹس میں انکشاف کیا گیا ہے۔

ذیل میں پروویڈنٹ فنڈ کے ذریعے 30 جون، 2024 تک سرمایہ کاری مالیت ہے، جو تازہ ترین آڈٹ شدہ اکاؤنٹس پر مبنی ہے۔

2023	2024
روپے 000 میں	
175,248	198,192

ڈائریکٹرز کا دستخط شدہ تعمیل کا ایک علیحدہ بیان اس سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔

ہولڈنگ کمپنی

میسرز سکندر (پرائیویٹ) لمیٹڈ ڈاڈیکس ایٹرنٹ لمیٹڈ کی 63.18 فیصد شیئر ہولڈنگ کی بدولت اس کی ہولڈنگ کمپنی ہے۔

آڈیٹرز

موجودہ آڈیٹرز، میسرز BDO ابراہم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس 65 ویں سالانہ اجلاس عام کے اختتام پر ریٹائر ہو جائیں گے۔ اہل ہونے کی بناد پر انہوں نے خود کو دوبارہ تقرر کیلئے پیش کیا ہے۔ جیسا کہ کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کا تقاضا ہے، بورڈ آڈٹ کمیٹی نے 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے ان کی دوباری تقرری کی سفارش کی ہے اور بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش سے اتفاق کرتا ہے لہذا اس نے کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے ان کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

صنفی اجرت کے فرق کا بیان

30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے اوسط صنفی اجرت کا فرق 22.20% اور درمیانی صنفی اجرت کا فرق 3.11% ہے۔

پیٹرن آف شیئر ہولڈنگ

تفصیلی پیٹرن اور اس کی شیئر ہولڈنگ کی کیٹگریز بشمول ڈائریکٹرز اور ایگزیکٹوز کی تحویل میں موجود شیئرز، اگر کوئی ہوں، سالانہ رپورٹ سے منسلک ہیں

مادی تبدیلیاں

مالی سال 30 جون، 2024 کے اختتام اور اس رپورٹ کی تاریخ کے مابین کمپنی کی مالی حیثیت کو متاثر کرنے والی کوئی ٹھوس تبدیلیاں اور معاہدے نہیں ہوئے ہیں۔

مستقبل کے امکانات اور چیلنجز

بہت سارے چیلنجز بشمول بڑھتی ہوئی افراط زر، نمایاں بیرونی خسارے، کرنسی کی قدر میں کمی، غیر ملکی زر مبادلہ کے ذخائر میں کمی اور غیر یقینی صورتحال کے کے باوجود پاکستان مشکل حالات سے نکل رہا ہے۔ روس اور یوکرین تنازعے کے نتیجے میں عالمی اجناس اور تیل کی قیمتوں میں تیزی سے اضافے کے اثرات کو متوازن کرنے کی کوششوں نے آمدنی اور اخراجات دونوں پر نمایاں دباؤ ڈالا ہے۔

کمپنی مسلسل بیرونی رکاوٹوں جیسا کہ محدود درآمدات، غیر ملکی مبادلہ کی محدود دستیابی، مقامی کرنسی پر دباؤ، میکرو اکنامکس کی غیر یقینی صورتحال جس سے صارف کی طلب متاثر ہوسکتی ہے اور ٹیکسوں میں اضافہ کی وجہ سے 2024 کیلئے محتاط انداز میں مستقبل کی پیش بینی کرتی ہے۔ ان کثیر الجہتی چیلنجز کے باوجود کمپنی آئندہ سال میں منافع میں اضافہ کے اپنے غیر متزلزل عزم پر کاربند ہے جس کی بنیاد مضبوط برانڈ ایکویٹی اور انتہائی سرشار افرادی قوت ہے جس کو آپریشنل عمدگی کے لیے جاری اقدامات سے تقویت ملتی ہے۔

انتظامیہ خام مال کے نئے ذرائع تلاش، ورکنگ کیپٹل پر سخت کنٹرول، صارفین کی تعداد میں اضافہ پر توجہ اور مثبت نتائج کے حصول کیلئے نئی منڈیوں کی تلاش کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

اظہار تشکر

ڈائریکٹرز مشکل معاشی حالات میں انتھک محنت کیلئے ڈاڈیکس کی ٹیم کی کوششوں کا اعراف کرنا چاہتے ہیں۔ ہم اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے تمام حصص یافتگان اور دیگر سٹیک ہولڈرز بشمول سپلائرز، سروس فراہم کنندہ، بینکوں / مالیاتی اداروں اور انشورنس کمپنیوں سے مالی طور پر مشکل ترین حالات میں کمپنی کی مدد کرنے پر اظہار تشکر کرتے ہیں اور کمپنی پر ان کا اعتماد بدستور برقرار رہنے کی امید رکھتے ہیں۔

منجانب بورڈ آف ڈائریکٹرز

کراچی: 24 ستمبر، 2024

صمد دادا	شہزاد ایم حسین
چیف ایگزیکٹو آفیسر	ڈائریکٹر